سوال

(102) نماز تراویح سے پہلے عشاء کے سنت و نوافل یا بعد میں

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جو شخص نماز عشاء بغیر جماعت کے ادا کرے، اور علاوہ فرض کے سنت اور نفل بھی پڑھے تو اس شخص کو نماز تراویح کس وقت میں پڑھنی چاہیے۔ یعنی کیا وہ پہلے نماز عشاء کی بارہ رکعت پڑھ کر پھر تراویح پڑھ کر پھر وتر اور اس کے بعد نفل ادا کرے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

بعد نماز عشاء کے تراویح پڑھے، یا بعد نیند بوقت سحری پڑھے، ہر دو جائز ہے۔

(۱۷ شوال ۱۳۳۹ھ) (فتاویٰ ثنائیہ جلد ۱ ص ۴۳۱)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 06 ص 330

محدث فتویٰ